Ghazal by Murtaza Birlas

Tera yun samnay aana, na kuchh kehna, na kuchh sunna
Ho jaisay koi baigana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Nazr ka zawiya aisa, ke khush fehmi kare paida
Magar masoom ban jana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Nahi jab wasta koi, to phir kya hai dam-e-rukhsat
Yun mur mur dekhtay jana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Hazaron hum se behtar hain, to hum lakhon se behtar hain
Yun he bas dil ko samjhana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Keh yun bhee pursish-e-gham par jo hum kehtay to kya kehtay
To phir kahay ko pachhtana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Agar samjho ke wo ab tak raqeebon kay hay kehnay main
To phir wapus chalay aana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Jahan na-waqif-e-hifz-e-maratib log baithhay hon
To is mehfil say uthh jaana, na kuchh kehna, na kuchh sunna

Murtaza Birlas
(Girah-e-Neembaaz)

ترا یوں سامنے آنا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا
ہو جیسے کوئی بیگانہ، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا

نظر کا زاویہ ایسا، کہ خوش فہمی کرے پیدا
مگر معصوم بن جانا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا

نہیں جب واسطہ کوئی، تو پھر کیا ہے دمِ رخصت
یوں مڑ مڑ دیکھتے جانا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا

ہزاروں ہم سے بہتر ہیں، تو ہم لاکھوں سے بہتر ہیں
یوں ہی بس دل کو سمجھانا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا

کہ یوں بھی پرسشِ غم پر جو ہم کہتے تو کیا کہتے
تو پھر کاہے کو پچھتانا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا

اگر سمجھو کہ وہ اب تک رقیبوں کے ہے کہنے میں
تو پھر واپس چلے آنا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا

جہاں ناواقفِ حفظِ مراتب لوگ بیٹھے ہوں
تو اس محفل سے اُٹھ جانا، نہ کچھ کہنا، نہ کچھ سننا



Copyright (C) Reserved by Author